A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
## EXAMINATION 2017, GRADE - 8
## URDU PART-A(Objective Type Paper)

MODEL PAPER:1

**Part- A:48 Marks, Part- B:52 Marks,Total:100 Marks**

| Student Name (In Capital Letters) | |
|---|---|

| Roll Number (In Figures) | | | - | | | | - | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

Signature of Dy.Superintendent (CNIC):________________

| Only for Examiner | صرف ممتحن کے استعمال کے لیے |
|---|---|
| Total Marks MCQs | |
| Signature of Assistant | |
| Signature of Head Examiner | |

For Official Use Only

**عمومی ہدایات:**

(۱) طلبہ غور سے پڑھیں اور ہر سوال کا جواب دیں۔

(۲) لکھنے کے لیے کالی یا نیلی روشنائی استعمال کریں۔ کچی پنسل کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

(۳) ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ مثال میں دکھایا گیا ہے۔

مثال: مچھر کی وجہ سے پھیلنے والی کس بیماری کے خلاف حکومتی سطح پر سخت حفاظتی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں؟

(a) چیچک (b) خسرہ (c) ڈینگی (d) پولیو

(۴) اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

| کل وقت: 60 منٹ | اردو (حصہ الف) کثیر الانتخابی سوالات | کل: 48 نمبر |
|---|---|---|

ہدایات: اس حصہ میں بتیس (32) کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 1۔ ''کتاب چھپ گئی ہے'' ۔ فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہے:

(a) کتاب چھپ گئی تھی۔ (b) کتاب چھپ رہی ہے۔
(c) کتاب چھپ رہی ہوگی۔ (d) منظر کی کتاب چھپ گئی ہے۔

سوال نمبر 2۔ مختلف معانی والے ہم شکل الفاظ کے درست استعمال کی مثال ہے :

(a) بھائی نے بھائی کو گلے سے پکڑ کر گلے لگا لیا۔ (b) گلہ بان کا گلہ محفوظ ہے۔
(c) گوشت گل گل کر ملیدہ ہو گیا۔ (d) گلا تو گلا ہی ہوتا ہے۔

سوال نمبر 3۔ کھیتی باڑی کرنے والا کہلاتا ہے۔

(a) معمار (b) کسان (c) درزی (d) مزدور

سوال نمبر4۔ ''پہلے اپنوں کا خیال کیا جائے بعد میں دوسروں کا''اس کے لیے درست ضرب المثل ہے :

(a) اوّل خویش بعد درویش
(b) حرکت میں برکت ہے
(c) زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو
(d) ضرورت ایجاد کی ماں ہے

سوال نمبر5۔ محاورہ کے درست استعمال والا جملہ ہے:

(a) ٹھگوں نے سبز باغ دکھا کر مسافر کو لوٹ لیا۔
(b) میں نے دوستوں کو اپنا سبز باغ دکھایا۔
(c) بارش کے وجہ سے باغ سبز ہوگیا۔
(d) مالی نے سبز باغ دکھا کر بچوں کو خوش کر دیا۔

سوال نمبر6۔ جہاں رہیں وہاں کے طریقے اپنانا پڑتے ہیں۔اس کے لیے کہا جاتا ہے:

(a) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے
(b) جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے
(c) جیسا دیس ویسا بھیس
(d) جیسی روح ویسے فرشتے

سوال نمبر7۔ الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ لاحقہ''ناک'' لگے گا؟

(a) خوف،کاغذ،کار (b) لوہا،خطر،مہذب (c) درد،محرم،شور (d) خوف،درد،خطر

سوال نمبر8۔ الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) کرسی،تخت،یوم،محبت (b) تخت،کرسی،یوم،محبت (c) یوم،محبت،تخت،کرسی (d) کرسی،یوم،محبت،تخت

سوال نمبر9۔ ''تلاوت کی گئی''۔فعل معروف کے مطابق یہ جملہ ہے:

(a) میں نے تلاوت کی۔ (b) تلاوت کی گئی ہے۔ (c) تلاوت کی گئی تھی۔ (d) تلاوت کی جائے گی۔

سوال نمبر10۔ جس چیز سے زیادہ رغبت ہو،اسے کہتے ہیں؟

(a) راغب (b) مرغوب (c) غروب (d) ترغیب

سوال نمبر11۔ الفاظ کی کس فہرست کے ساتھ سابقہ''لا'' لگے گا؟

(a) حاصل،معلوم،جواب (b) جواب،علاج،حاصل (c) مکاں،کاغذ،علاج (d) شعور،دولت،علم

سوال نمبر12۔ الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) لگن ، رفیق،قناعت،تبدیل
(b) رفیق،قناعت،تبدیل،لگن
(c) تبدیل،رفیق،قناعت،لگن
(d) قناعت،رفیق،تبدیل،لگن

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر **16,15,14,13** اور **17** کا جواب دیں۔

عبدالستار ایدھی بھارت کی ریاست گجرات کے شہر بانٹوا میں ۱۹۲۸ء میں پیدا ہوئے۔ان کے والد مختلف چیزوں کا کاروبار کرتے تھے۔اسی وجہ سے زیادہ تر گھر سے دور رہتے۔ وہ جب باہر ہوتے تو خشک میووں کی گری،کاجو، پستے وغیرہ کے تھیلے بھر بھر کر گھر بھیجتے۔ان کی والدہ اپنے اور ان کے حصے کا سارا میوہ نادار لوگوں میں تقسیم کر دیتیں،جوان سے زیادہ ضرورت مند ہوتے تھے۔،یہ وہ عادت تھی جو ان کی والدہ نے بچپن میں ہی ان کے اندر سمودی تھی۔وہ ہر روز اسکول جانے سے پہلے انھیں دو پیسے دیتیں،لیکن یہ ہدایت بھی کرتیں کہ وہ ان میں سے ایک پیسہ ضرور کسی ضرورت مند کو دیں۔وہ انھیں یہ بھی سمجھاتیں کہ کسی کو کچھ دینے سے پہلے یقین کر لیا کرو کہ تم سے خیرات لینے والا واقعی حق دار ہے بھی کہ نہیں۔

سوال نمبر13۔ عبدالستار ایدھی کا سنِ پیدائش ہے:

(a) انیس صد چھبیس
(b) انیس صد ستائیس
(c) انیس صد اٹھائیس
(d) انیس صد انتیس

Result.pk

سوال نمبر14- لفظ "نادار" سے مراد ہے:

(a) امیر (b) محتاج

(c) مشہور (d) انوکھا

سوال نمبر15- عبدالستار ایدھی کا تعلق بھارت کی ریاست ۔۔۔۔۔۔ سے تھا؟

(a) انبالہ (b) حیدرآباد

(c) گجرات (d) جے پور

سوال نمبر16- عبدالستار ایدھی کے والد کی گھر سے دور رہنے کی وجہ تھی:

(a) ملازمت (b) مزدوری

(c) کاروبار (d) کھیتی باڑی

سوال نمبر17- ایدھی کے والد خشک میوے بھیجتے تھے:

(a) سیب، کاجو، پستہ (b) گری، کاجو، پستہ

(c) گری، کیلا، پستہ (d) انگور، کاجو، گری

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 21,20,19,18 اور 22 کا جواب دیں۔

معاشرت کے آداب ہم سے اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ کسی کو تضحیک کا نشانہ نہ بنائیں۔ جب کسی کو بلانا ہو تو اس کا پورا نام لے کر پکاریں، کسی کا نام نہ بگاڑیں اور کسی کی تحقیر و توہین نہ کریں۔ اسی طرح کسی کی ٹوہ اور جاسوسی میں رہنا بھی بری حرکت ہے۔ غیبت کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ ان باتوں سے معاشرے میں انتشار اور افراتفری بڑھتی ہے۔ اس لیے ان سے بچنا ضروری ہے۔

سوال نمبر18۔ "تضحیک کا نشانہ نہ بنائیں"۔ اس جملے میں تضحیک سے مراد ہے:

(a) کسی کا مذاق اڑانا (b) کسی کو برا بھلا کہنا

(c) کسی کی مار پیٹ کرنا (d) کسی پر تنقید کرنا

سوال نمبر19- کسی کو بلانے کے لیے ضروری ہے:

(a) اس کو سختی سے بلائیں (b) اس کو اشارے سے بلائیں

(c) اس کا پورا نام لے کر بلائیں (d) اس کو اونچی آواز سے بلائیں

سوال نمبر20- تحقیر کا ہم معنی لفظ ہے:

(a) تدبیر (b) توقیر

(c) توہین (d) تسخیر

سوال نمبر21۔ عبارت میں جاسوسی اور غیبت کو بالترتیب کہا گیا ہے:

(a) بری حرکت، ٹوہ (b) افراتفری، بری حرکت

(c) انتشار، گناہ (d) بری حرکت، گناہ

سوال نمبر22- درج بالا عبارت کا موزوں عنوان ہے:

(a) غیبت کے نقصانات (b) جاسوسی کے نقصانات

(c) معاشرتی افراتفری (d) آدابِ معاشرت



Result.pk

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 26,25,24,23 اور 27 کا جواب دیں۔

پاکستان میں بہت سے کھیل نہایت دلچسپی اور شوق سے کھیلے جاتے ہیں۔ان میں ہاکی ایک ایسا کھیل ہے جسے پاکستان کا قومی کھیل کہا جاتا ہے۔اس کھیل کی تاریخ کا مطالعہ کریں تو پتا چلتا ہے کہ یہ ایک قدیم کھیل ہے۔جس کا آغاز ایران سے ہوا۔ایران سے یورپ میں پہنچا۔یورپ میں یہ کھیل سب سے پہلے فرانس میں شروع ہوا۔ وہاں سے انگلستان پہنچا۔اٹھارویں صدی کے آغاز میں انگریزوں نے برصغیر پاک و ہند میں اسے متعارف کرایا۔اس کے بعد یہ کھیل چین میں مقبول ہوا اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے قلیل عرصے میں یہ کھیل پورے ملک میں کھیلا جانے لگا۔

سوال نمبر 23۔ پاکستان اور ہندوستان میں ہاکی کا کھیل کس ملک کے ذریعے پہنچا؟

(a) برطانیہ (b) فرانس (c) کبڈی (d) چین

سوال نمبر 24- سب سے پہلے ہاکی کا کھیل شروع کرنے والا ملک ہے:

(a) عراق (b) مصر (c) ایران (d) شام

سوال نمبر 25- لفظ ''قلیل'' سے مراد ہے:

(a) قابل (b) کم (c) زیادہ (d) کمزور

سوال نمبر 26- ہاکی کا کھیل انگلستان میں کتنے ممالک سے ہوتا ہوا پہنچا؟

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

سوال نمبر 27۔ اس عبارت کا موزوں عنوان ہے:

(a) کھیل اور کھلاڑی (b) عالمی کھیل (c) ہاکی کا کھیل (d) کھیل کا تعارف

☆ مندرجہ ذیل اشعار پڑھ کر سوال نمبر 31,30,29,28 اور 32 کا جواب دیں۔

نہ گنجائش کو دیکھ اس میں نہ تو مردم شماری کر ۔۔۔ لنگوٹی کس، خدا کا نام لے گھُس جا ''تو گاڑی'' میں
عبث گننے کی یہ کوشش کہ ہیں کتنے نفوس اس میں ۔۔۔ کہ نکلے گا ذرا تو دیکھ تیرا بھی جلوس اس میں
وہ کھڑکی سے کسی نے مورچہ بندوں کو للکارا ۔۔۔ پھر اپنے سر کا گٹھڑ دوسروں کے سر پہ دے مارا
یہ سارے کھیت کے گنے کٹا لایا ہے ڈبے میں ۔۔۔ وہ گھر کی چارپائی تک اٹھا لایا ہے ڈبے میں

سوال نمبر 28- درج بالا اشعار میں کس سواری کا ذکر ہے؟

(a) گدھا گاڑی (b) مال گاڑی (c) ریل گاڑی (d) بیل گاڑی

سوال نمبر 29- شاعر نے مسافر کو کیا مشورہ دیا ہے؟

(a) محنت کرنے کا (b) بھاگ جانے کا (c) للکارنے کا (d) گاڑی میں سوار ہونے کا

سوال نمبر 30- لفظ ''عبث'' سے مراد ہے:

(a) بے فائدہ (b) اہم (c) خاص (d) عام

سوال نمبر 31- اشعار میں مورچہ بند سے کیا مراد ہے:

(a) بزرگ (b) سیاح (c) خواتین (d) مسافر

سوال نمبر 32- اشعار کی صورت میں دی گئی مندرجہ بالا تحریر ہے:

(a) سنجیدہ (b) مزاحیہ (c) معلوماتی (d) سائنسی

Result.pk